فیصل آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (فیسکو) کی سرگرمیوں کا عکاس جریدہ

# فیسکو نیوز

وزارت توانائی (پاور ڈویژن)
حکومت پاکستان

FESCO

ایڈیشن: اپریل 2024ء شمارہ نمبر: 164 جلد نمبر: 12 کل صفحات: 16



**سردار اویس احمد خان لغاری**
وفاقی وزیر برائے توانائی پاور ڈویژن

بجلی چوری ایک اقتصادی دہشت گردی ہے
جس نے ملکی معیشت کو بری طرح متاثر کیا ہے

ڈسکوز کے افسران بجلی چوری کے خاتمہ مہم میں
جدت پیدا کرنے کیلئے ٹیکنالوجی کا استعمال کریں

**ملک تحسین اعوان**
چیئر مین فیسکو بورڈ آف ڈائریکٹرز

بجلی چوروں اور نادہندگان کے خلاف کارروائیوں میں تیزی
لائی جائے تا کہ صارفین کو ریلیف اور محکمہ کے ریونیو میں اضافہ ہو

**انجینئر محمد عامر**
چیف ایگزیکٹو آفیسر فیسکو

کمپنی میں کارپوریٹ کلچر کے فروغ کیلئے بھرپور اقدامات کئے جا
رہے ہیں جس میں جدید ٹیکنالوجی کے استعمال کو فوقیت دی گئی ہے

فیصل آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (فیسکو) کی سرگرمیوں کا عکاس جریدہ

# فیسکو نیوز

ایڈیشن: اپریل 2024ء شمارہ نمبر: 164 جلد نمبر: 12 کل صفحات: 16



منتظم اعلیٰ

**انجینئر محمد عامر**

چیف ایگزیکٹو آفیسر فیسکو



مدیر اعلیٰ

**غلام مجتبیٰ خان**

ڈائریکٹر جنرل ایڈمن فیسکو



مدیر

**طاہر محمود شیخ**

ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل (پبلک ریلیشنز) فیسکو

## ایڈیٹوریل ٹیم



اویس دانش



ایوب احمد

پبلشر
شعبہ تعلقات عامہ فیصل آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (فیسکو) کینال روڈ فیصل آباد

**Toll Free: 080066554, Help Line: 118, +92419220282, www.fesco.com.pk**

**Please send your suggestions and Feedback:** fescopr@gmail.com

## عرض مدیر

وفاقی وزیر برائے توانائی پاور ڈویژن سردار اویس احمد لغاری نے بجلی چوری کے خلاف جاری خصوصی مہم میں مزید تیزی لانے کی ہدایات جاری کردی ہیں۔ انکا کہنا تھا کہ بجلی چوری ایک اقتصادی دہشت گردی ہے جس نے ملکی معیشت کو بری طرح متاثر کیا ہے۔ انہوں نے افسران سے کہا کہ بجلی چوری کے خاتمہ مہم میں جدت پیدا کرنے کیلئے ٹیکنالوجی کا استعمال کریں۔ وفاقی وزیر نے تمام ڈسکوز کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا صارفین کی شکایات کے بروقت حل کیلئے ملک بھر میں جدید کسٹمر سروس سنٹر قائم کر کے قابلیت کے حامل افسران تعینات کیے جائیں۔ انہوں نے صارفین کے ساتھ خوش اخلاقی سے پیش آنے کی ہدایت جاری کی اور کہا کہ بجلی کے نئے کنکشن کی تنصیب میں تاخیر ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی۔ وفاقی وزیر توانائی کے احکامات کی روشنی میں چیف ایگزیکٹو آفیسر انجینئر محمد عامر نے فیسکو ریجن کے چھ آپریشن سرکلز میں بجلی چوروں کے خلاف زیرو ٹالرینس کی ہدایات جاری کردی ہیں۔ تمام سرکلز کو روزانہ کی بنیاد پر دن کے اوقات کے علاوہ رات میں بھی بجلی چوروں کے خلاف کارروائیوں میں جدت لانے کی ہدایت کی گئی ہے تاکہ ان ملک وقوم کے دشمنوں سے آہنی ہاتھوں سے نمٹا جاسکے۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر انجینئر محمد عامر کی سرکردگی میں فیسکو افسران وملازمین فیسکو ریجن سے بجلی چوری کے خاتمہ کیلئے پرعزم ہیں اور بجلی چوری جیسے گھناؤنے فعل میں ملوث عناصر کی سرکوبی کیلئے دن رات کوشاں ہیں۔ فیسکو انتظامیہ کی صارف دوست پالیسیوں اور بجلی چوری کے خاتمے سے صارفین کو ریلیف ملے گا اور کمپنی بھی ترقی کی نئی منازل طے کرے گی۔

## اس شمارے میں

04 مدینہ کا عظیم غلام
05 وفاقی وزیر برائے توانائی پاور ڈویژن سردار اویس احمد خان لغاری کا ڈسکوز کے چئیر مین اور سی ای اوز سے ویڈیو لنک کے ذریعے خطاب
06 چیئرمین فیسکو بورڈ آف ڈائریکٹرز ملک تحسین اعوان کا مسلم ٹاؤن سب ڈویژن میں فالٹ سائیٹ کا اچانک دورہ، سٹاف کی کاوشوں کو سراہا
07 چئیرمین فیسکو بورڈ آف ڈائریکٹرز ملک تحسین اعوان کا زخمی ریکوری سٹاف کی ہسپتال میں عیادت، قانونی کارروائی کیلئے سخت اقدامات کی ہدایات
08 ڈائریکٹر جنرل آڈٹ پاور شیخ ندیم امجد اور چیف ایگزیکٹو فیسکو انجنیئر محمد عامر کا فیسکو ہیڈ کوارٹرز میں منعقدہ آڈٹ کے جائزہ اجلاس سے خطاب
09 چیف ایگزیکٹو فیسکو انجنیئر محمد عامر کا فیصل آباد چیمبر آف سمال ٹریڈرز اینڈ سمال انڈسٹری کے دورہ کے موقع پر شرکاء سے خطاب
10 چیف ایگزیکٹو فیسکو انجنیئر محمد عامر کا فیسکو ہیڈ کوارٹرز میں فیس بک پر منعقدہ ای کچہری کے موقع پر افسران وصارفین سے خطاب
11 ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل (پی آر) فیسکو طاہر شیخ کا جی سی یونیورسٹی کے شعبہ ابلاغیات کے طلباء سے خطاب، کمپنی امور کے بارے میں بریفنگ
12 فیسکو کی طرف سے ریجن بھر میں عید الفطر کی تعطیلات کے دوران صارفین کو بجلی کی بلاتعطل فراہمی کو یقینی بنایا گیا
13 ریجنل ٹریننگ سنٹر فیسکو میں روڈ سیفٹی آگاہی وتربیتی ورکشاپ سے ڈائریکٹر HSE&QA فیسکو زبدۃ الضیاء اور دیگر کا خطاب
14 فیسکو انتظامیہ نے گریڈ 17 کی 29 خالی آسامیوں کیلئے بھرتی کا اشتہار جاری کردیا
15 فیصل آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (فیسکو) میں خصوصی افراد کی بھرتیوں کا عمل شروع کردیا گیا
15 شوکاز نوٹس برائے کارروائی

# مدینہ کا عظیم غلام

مدینہ کا بازار تھا، گرمی کی شدت اتنی زیادہ تھی کہ لوگ نڈھال ہور ہے تھے۔ایک تاجر اپنے ساتھ ایک غلام کو لیے پریشان کھڑا تھا۔غلام جو ابھی بچہ ہی تھا وہ بھی دھوپ میں کھڑا پسینہ پسینہ ہورہا تھا۔تاجر کا سارا مال اچھے داموں بک گیا تھا بس یہ غلام ہی باقی تھا جسے خریدنے میں کوئی بھی دلچسپی نہیں دکھار ہا تھا۔تاجر سوچ رہا تھا کہ اس غلام کو خرید کر شاید اس نے گھاٹے کا سودا کیا ہے۔اس نے تو سوچا تھا کہ اچھا منافع ملے گا لیکن یہاں تو اصل لاگت ملنا بھی دشوار ہورہا تھا۔اس نے سوچ لیا تھا کہ اب اگر یہ غلام پوری قیمت پر بھی بکا تو وہ اسے فوراً بیچ دے گا۔

مدینہ کی ایک لڑکی کی اس غلام پر نظر پڑی تو اس نے تاجر سے پوچھا کہ یہ غلام کتنے کا بیچو گے۔تاجر نے کہا کہ میں نے اتنے میں لیا ہے اور اتنے کا ہی دے دوں گا۔اس لڑکی نے بچے پر ترس کھاتے ہوئے اسے خرید لیا۔تاجر نے بھی خدا کا شکر ادا کیا اور واپسی کے راہ لی۔مکہ سے ابوحذیفہؓ مدینہ آئے تو انہیں بھی اس لڑکی کا قصہ معلوم ہوا۔لڑکی کی رحم دلی سے متاثر ہو کر انہوں نے اسکے لیے نکاح کا پیغام بھیجا جو قبول کر لیا گیا۔یوں واپسی پر وہ لڑکی جس کا نام ثبیتہ بخت بعار تھا انکی بیوی بن کر انکے ہمراہ تھی اور وہ غلام بھی مالکن کے ساتھ مکہ پہنچ گیا۔

ابوحذیفہؓ مکہ آ کر اپنے پرانے دوست عثمان بن عفانؓ سے ملے تو انہیں کچھ بدلا ہوا پایا اور انکے رویے میں سردمہری محسوس کی۔انہوں نے اپنے دوست سے استفسار کیا کہ عثمان یہ سردمہری کیوں !!۔تو عثمان بن عفانؓ نے جواب دیا کہ میں نے اسلام قبول کر لیا ہے اور تم ابھی تک مسلمان نہیں ہوئے تو اب ہماری دوستی کیسے چل سکتی ہے۔ابوحذیفہؓ نے کہا تو پھر مجھے بھی محمد ﷺ کے پاس لے چلو اور اس اسلام میں داخل کردو جسے تم قبول کر چکے ہو، چنانچہ حضرت عثمانؓ نے انہیں نبی کریم ﷺ کی خدمت میں پیش کیا اور وہ کلمہ پڑھ کر دائرہ اسلام میں داخل ہو گئے۔پھر آ کر انہوں نے اپنی بیوی اور غلام کو اپنے مسلمان ہونے کا بتایا تو ان دونوں نے بھی کلمہ پڑھ لیا۔

حضرت ابوحذیفہؓ نے اس غلام سے کہا کہ چونکہ تم بھی مسلمان ہو گئے ہو اس لیے میں اب تمہیں غلام نہیں رکھ سکتا لہٰذا میری طرف سے اب تم آزاد ہو۔غلام نے کہا آقا میرا اب اس دنیا میں آپ دونوں کے سوا کوئی نہیں آپ نے مجھے آزاد کر دیا تو میں کہاں جاؤں گا۔حضرت ابوحذیفہؓ نے اس غلام کو اپنا بیٹا بنالیا اور اپنے پاس ہی رکھ لیا۔غلام نے قرآن پاک سیکھنا شروع کر دیا اور کچھ ہی دنوں میں بہت سا قرآن یاد کر لیا۔اور وہ جب قرآن پڑھتے تو بہت خوبصورت لہجے میں پڑھتے۔ہجرت کے وقت نبی کریم ﷺ سے پہلے جن صحابہ نے مدینہ کی طرف ہجرت کی ان میں حضرت عمرؓ کے ساتھ حضرت ابوحذیفہؓ اور انکا یہ لے پالک بیٹا بھی تھا۔

مدینہ پہنچ کر جب نماز کے لیے امام مقرر کرنے کا وقت آیا تو اس غلام کو خوبصورت تلاوت اور سب سے زیادہ قران حفظ ہونے کی وجہ سے انہیں امام چن لیا گیا۔اور انکی امامت میں حضرت عمرؓ جیسے جلیل القدر صحابی بھی نماز ادا کرتے تھے۔مدینہ کے یہودیوں نے جب انہیں امامت کرواتے دیکھا تو حیران ہو گئے کہ یہ وہی غلام ہے جسے کوئی خریدنے کے لیے تیار نہ تھا۔آج دیکھو کتنی عزت ملی کہ مسلمانوں کا امام بنا ہوا ہے۔

اللہ پاک نے انہیں خوش گلو اس قدر بنایا تھا کہ جب آیات قرآنی تلاوت فرماتے تو لوگوں پر ایک محویت طاری ہو جاتی اور راہ گیر ٹھٹک کر سننے لگتے۔ایک دفعہ ام المومنین حضرت عائشہؓ کو رسول اللہ ﷺ کے پاس حاضر ہونے میں دیر ہوئی۔آپ ﷺ نے ان سے دیر کی وجہ پوچھی تو بولیں کہ ایک قاری تلاوت کر رہا تھا اسکے سننے میں دیر ہوگئی اور ان کی خوش الحانی کی اس قدر تعریف کی کہ آنحضرت ﷺ خود چادر سنبھالے ہوئے باہر تشریف لے آئے۔دیکھا تو وہ بیٹھے تلاوت کر رہے ہیں۔آپ ﷺ نے خوش ہو کر فرمایا: اللہ پاک کا شکر ہے کہ اس نے تمہارے جیسے شخص کو میری امت میں پیدا کیا۔

یہ خوش قسمت صحابی حضرت سالمؓ تھے۔انہوں نے جنگ موتہ میں جام شہادت نوش کیا۔اللہ کی کروڑ ہا رحمتیں ہوں ان پر۔

# بجلی چوری ایک اقتصادی دہشت گردی ہے



سردار اویس احمد خان لغاری
وفاقی وزیر برائے توانائی پاور ڈویژن

## ڈسکوز کے افسران بجلی چوری کے خاتمہ مہم میں جدت پیدا کرنے کیلئے ٹیکنالوجی کا استعمال کریں

**بجلی چوری میں ملوث اہلکاروں کو سخت سزا دینے کیلئے قوانین میں ترمیم کی جائیگی تاکہ کوئی بھی بجلی چور قانون کے شکنجے سے نہ بچ سکے**

**صارفین کی شکایات کے بروقت حل کیلئے ملک بھر میں جدید کسٹمر سروس سنٹر قائم کر کے قابلیت کے حامل افسران تعینات کیے جائیں**

**وفاقی وزیر برائے توانائی پاور ڈویژن سردار اویس احمد خان لغاری کا ڈسکوز کے چیئرمین اور چیف ایگزیکٹو آفیسرز سے ویڈیو لنک کے ذریعے خطاب**

وفاقی وزیر توانائی پاور ڈویژن سردار اویس احمد خان لغاری نے پاور ڈسٹری بیوشن کمپنیز کے چیئرمین اور چیف ایگزیکٹو آفیسرز سے ویڈیو لنک کے ذریعے خطاب کیا۔ انکا کہنا تھا کہ بجلی چوری ایک اقتصادی دہشت گردی ہے جس نے ملکی معیشت کو بری طرح متاثر کیا ہے۔ انہوں نے ڈسکوز کے افسران سے کہا کہ بجلی چوری کے خاتمہ مہم میں جدت پیدا کرنے کیلئے ٹیکنالوجی کا استعمال کریں۔ وفاقی وزیر نے تمام ڈسکوز کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا صارفین کی شکایات کے بروقت حل کیلئے ملک بھر میں جدید کسٹمر سروس سنٹر قائم کر کے قابلیت کے حامل افسران تعینات کیے جائیں۔ انہوں نے صارفین کے ساتھ خوش اخلاقی سے پیش آنے کی ہدایت جاری کی اور کہا کہ بجلی کے نئے کنکشن کی تنصیب میں تاخیر ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے ڈسکوز مینجمنٹ کو ہدایات جاری کیں کہ وہ کمپنی کے تمام مالی ریکارڈ کو اپ ڈیٹ رکھیں اور اثاثہ جات کی تفصیلات مرتب کریں۔ وفاقی وزیر نے تمام ڈسکوز کے چیئرمین اور سی ای اوز کو مراسلہ جاری کرتے ہوئے بجلی چوری کے خاتمے کیلئے فوری اور سخت اقدامات کی ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ وہ بجلی چوی روکنے کیلئے ہر ممکن قدم اٹھائیں۔ انہوں نے ایس ایز، ایکسنز، ایس ڈی اوز، اور متعلقہ فیلڈ اسٹاف کو بھی اپنے علاقوں میں چوری نہ ہونے کا سرٹیفکیٹ دینے کی ہدایت دی ہے۔ مزید برآں وفاقی وزیر نے متعلقہ افسران کو بجلی چوری کے تمام ذرائع کا سراغ لگانے اور سدباب کرنے کی بھی حکم دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ عدم مطابقت یا متضاد شواہد پر محکمہ کے اہلکاروں کے خلاف قانونی، تادیبی کارروائیاں ہوں گی۔ وفاقی وزیر نے کہا ہے کہ بجلی چوری میں ملوث اہلکاروں کو سخت سزا دینے کیلئے قوانین میں ترمیم کی جائیگی تاکہ کوئی بھی بجلی چور قانون کے شکنجے سے نہ بچ سکے۔ انہوں نے موجودہ حکومت کی بجلی چوری کے حوالے سے زیرو ٹالرینس کی پالیسی کی بھی تائید کی۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ موجودہ حکومت بجلی چوری کے خاتمے کیلئے ہر ممکن کوشش کرے گی۔ سردار اویس احمد خان لغاری نے اپنے سابقہ دور میں بطور وفاقی وزیر توانائی صارفین کی سہولت کیلئے پاور سیکٹر میں نیٹ میٹرنگ کو متعارف کرایا جس کے بعد صارفین کی طرف سے شمسی توانائی سے سستی بجلی خود بنانے اور استعمال سے زائد بجلی حکومت کو فروخت کرنے کا عمل تیزی سے جاری ہے۔ جبکہ اوور بلنگ کی روک تھام کیلئے سخت کارروائی کیلئے قانون بھی سازی کروائی اور فیڈرز کے نقصانات اور وصولیوں کی بنیاد پر بجلی فراہمی کو فروغ دینے میں کامیاب رہے اور بجلی کی لوڈ شیڈنگ کو صفر تک لانے میں اہم کردار ادا کیا۔



وفاقی وزیر برائے توانائی سردار اویس احمد لغاری ڈسکوز کے چیئرمین اور سی ای اوز سے ویڈیو لنک کے ذریعے خطاب کر رہے ہیں

# صارفین کو بجلی کی بلاتعطل فراہمی کیلئے فیلڈ سٹاف ہمہ وقت کوشاں ہے

ملک تحسین اعوان
چیئرمین بورڈ آف ڈائریکٹرز فیسکو

**صارفین کے مسائل کے ازالہ میں تاخیر ہرگز برداشت نہیں، ایسے ملازمین کے خلاف سخت ترین کاروائی عمل میں لائی جائے گی**

**صارفین کے مسائل کے فوری حل کو فوقیت دیں تاکہ فیسکو کے صارف دوست رویہ سے صارفین کے کمپنی پر اعتماد میں مزید اضافہ ہو**

**چیئرمین فیسکو بورڈ آف ڈائریکٹرز ملک تحسین اعوان کا مسلم ٹاؤن سب ڈویژن میں رات گئے فالٹ سائیٹ کا اچانک دورہ**

چیئرمین فیسکو بورڈ آف ڈائریکٹرز ملک تحسین اعوان نے کہا ہے کہ صارفین کو بجلی کی بلاتعطل فراہمی کیلئے فیلڈ سٹاف ہمہ وقت کوشاں ہے۔فیسکو سٹاف صارفین کے بجلی سے متعلقہ مسائل کے فوری حل کو فوقیت دیں تاکہ فیسکو کے صارف دوست رویہ سے صارفین کے کمپنی پر اعتماد میں مزید اضافہ ہو۔ یہ باتیں انہوں نے مسلم ٹاؤن سب ڈویژن کے علی ٹاؤن فیڈر پر فالٹ سائیٹ کے اچانک دورہ کے موقع پر کہیں۔شدید بارش اور آندھی کے باعث مسلم ٹاؤن سب ڈویژن کے علی ٹاؤن فیڈر پر فالٹ




چیئرمین فیسکو بورڈ آف ڈائریکٹرز ملک تحسین اعوان مسلم ٹاؤن سب ڈویژن کے علی ٹاؤن فیڈر پر بجلی بحالی کے عمل کا جائزہ لے رہے ہیں

آنے کی وجہ سے ملحقہ علاقے میں بجلی کی فراہمی معطل ہوگئی تھی جس پر چیئرمین فیسکو واپڈا ملک تحسین اعوان رات گئے فوری طور پر اپنی ٹیم کے ہمراہ فیڈر پر فالٹ کی سائیٹ پر پہنچ گئے۔ایس ڈی او مسلم ٹاؤن سب ڈویژن واجدالرحمان آپریشن سٹاف کے ہمراہ موقع پر موجود تھے اور فیلڈ سٹاف فالٹ کو ٹھیک کرنے میں مصروف عمل تھا۔چیئرمین فیسکو ملک تحسین اعوان علی ٹاؤن فیڈر پر فالٹ کی درستگی اور بجلی بحالی کے عمل تک وہاں موجود رہے اور سٹاف کو ضروری ہدایات بھی جاری کیں۔اس موقع پر انہوں نے مذکورہ فیڈر پر فالٹ کے بعد عملے کی طرف سے فوری پٹرولنگ اور بحالی کا کام کرنے پر انہیں شاباش دی اور کہا کہ محنت اور لگن کے ساتھ اپنے فرائض منصبی کو سرانجام دینے والے ملازمین کی وجہ سے صارفین کے فیسکو پر اعتماد اور کمپنی کے وقار میں بھی اضافہ ہوتا ہے۔انہوں نے سٹاف کی بروقت کاوشوں سے بجلی بحالی کے عمل کو سراہا اور ایس ڈی او مسلم ٹاؤن سب ڈویژن اور فالٹ سائیٹ پر کام کرنے والے سٹاف کو تعریفی سرٹیفکیٹس دینے کا اعلان بھی کیا۔انہوں نے مزید کہا کہ صارفین کے مسائل کے ازالہ میں تاخیر ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی اور ایسے ملازمین کے خلاف سخت ترین کاروائی عمل میں لائی جائے گی۔اس موقع پر انھوں نے لائن سٹاف کو مکمل ٹی اینڈ پی اور سیفٹی قواعد وضوابط کے مطابق کام کرنے کی ہدایت کی۔

چیئرمین بورڈ آف ڈائریکٹرز فیسکو
ملک تحسین اعوان

# بجلی چوروں اور نادہندگان سے آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے گا

## ریکوری ٹیموں پر حملہ کرنے والوں کے خلاف پولیس کی مدد سے سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی

## بجلی چوری اور ڈیفالٹرز کے خلاف کارروائیوں میں تیزی لائی جائے تاکہ صارفین کو ریلیف اور محکمہ کے ریونیو میں اضافہ ہو

## چیئرمین فیسکو بورڈ آف ڈائریکٹرز ملک تحسین اعوان کا فیسکو کے زخمی ریکوری سٹاف کی ہسپتال میں عیادت، قانونی کارروائی کیلئے سخت اقدامات کی ہدایات

چک جھمرہ کے علاقہ برنالہ میں فیسکو کے نادہندہ بااثر مسلح افراد نے فیسکو کی ریکوری ٹیم پر حملہ کر دیا۔ملزمان نے سرکاری گاڑی کو نقصان پہنچایا اور روزہ دار اہلکاروں کو تشدد کا نشانہ بنا ڈالا۔ملزمان نے فیسکو ٹیم سے سرکاری سامان چھینا اور سنگین نتائج کی دھمکیاں دیتے ہوئے فرار ہو گئے۔زخمی اہلکاروں کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا جہاں چیئرمین فیسکو بورڈ آف ڈائریکٹرز ملک تحسین اعوان نے ان کی عیادت کی اور قانونی کارروائی کیلئے تھانہ جھمرہ بھی گئے۔فیسکو سب ڈویژن چک جھمرہ نمبرون کا ریکوری سٹاف عدیل ممتاز لائن سپرنٹنڈنٹ ون، شاہد عمران لائن مین سیکنڈ، رانا آصف نعیم لائن مین سیکنڈ، محمد رزاق بٹ لائن مین سیکنڈ اور عمران عالمگیر لائن مین سیکنڈ ٹرک نمبر SAJ-023 پر ریکوری کے سلسلے میں برنالہ پہنچے اور لاکھوں روپے کے نادہندگان گل اصغر، خادم حسین، نذیر احمد وغیرہ سے فیسکو واجبات کی ادائیگی کے بارے میں پوچھا تو وہ مشتعل ہو گئے اور اپنے دیگر ساتھیوں عثمان، اسد امین اور بیس کس نامعلوم مسلح افراد بمعہ ڈنڈے سوٹے، آتشیں اسلحہ بلوا لئے اور فیسکو کے اہلکاروں کو روزے کی حالت میں زدوکوب کرنا شروع کر دیا۔ملزمان نے لائن مین سے حفاظتی سامان چھینا اور سرکاری گاڑی کو نقصان پہنچایا اہل علاقہ کی 15 پر کال کرنے پر پولیس موقع پر پہنچی تو وہ فرار ہو گئے۔زخمی اہلکاروں کو ہسپتال منتقل کیا گیا جہاں چیئرمین فیسکو بورڈ آف ڈائریکٹرز ملک تحسین اعوان، ایکسئین جھمرہ ڈویژن نعیم جاوید، ایس ڈی او چک جھمرہ ون محمد حسین بلوچ ان کی عیادت کے لئے پولیس کے ہمراہ ہسپتال پہنچے اور انصاف کی فراہمی کی یقین دہانی کرائی۔ بعدازاں چیئرمین فیسکو بورڈ آف ڈائریکٹرز ملک تحسین اعوان خود تھانہ جھمرہ گئے اور پولیس کو حملہ میں ملوث ملزمان کے خلاف سخت کارروائی کرنے کیلئے استغاثہ ایس ایچ او کو دیا۔ پولیس تھانہ چک جھمرہ مقدمہ درج کر کے ملزموں کی گرفتاری کیلئے چھاپے مار رہی ہے۔اس موقع پر چیئرمین فیسکو بورڈ آف ڈائریکٹرز ملک تحسین اعوان نے کہا کہ فیسکو اہلکاروں کو مکمل تحفظ فراہم کیا جائے گا اور بجلی چوروں اور نادہندگان سے آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے گا خصوصاً ریکوری ٹیموں پر حملہ کرنے والوں کے خلاف پولیس کی مدد سے سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔انہوں نے مزید کہا کہ بجلی چوری اور ڈیفالٹرز کے خلاف کارروائیوں میں تیزی لائی جائے تاکہ صارفین کو ریلیف اور محکمہ کے ریونیو میں اضافہ ہو۔





چیئرمین فیسکو بی او ڈی ملک تحسین اعوان حملہ میں زخمی ہونے والے اہلکاروں کی عیادت کر رہے ہیں جبکہ دوسری جانب ایس ایچ او تھانہ چک جھمرہ کو استغاثہ دیا جا رہا ہے

# فیسکو نے ریکوری اور لاسز میں نیپرا کے متعین کردہ اہداف کو حاصل کرلیا ہے

انجینئر محمد عامر
چیف ایگزیکٹو آفیسر فیسکو

## کمپنی میں کارپوریٹ کلچر کے فروغ کیلئے بھرپور اقدامات کئے جارہے ہیں جس میں جدید ٹیکنالوجی کے استعمال کو فوقیت دی گئی ہے

# اداروں کو ممکنہ مالی بے ضابطگیوں سے بچانے کیلئے آڈیٹرز کا کردار انتہائی اہم نوعیت کا حامل ہے

شیخ ندیم امجد
ڈائریکٹر جنرل آڈٹ پاور

## کمپنی کے اکاؤنٹس کو دیکھنا اور اسے بین الاقوامی نوعیت کے آڈٹ سٹینڈرڈز کے مطابق استوار کرنا شعبہ آڈٹ کی ذمہ داری ہے

## ڈائریکٹر جنرل آڈٹ پاور شیخ ندیم امجد اور چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر کا فیسکو ہیڈکوارٹرز میں منعقدہ جائزہ اجلاس سے خطاب



چیف ایگزیکٹو فیسکو محمد عامر اور ڈی جی آڈٹ پاور شیخ ندیم امجد فیسکو ہیڈکوارٹرز میں آڈٹ کے حوالے سے منعقدہ جائزہ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

ڈائریکٹر جنرل آڈٹ پاور شیخ ندیم امجد نے کہا ہے کہ کسی بھی ادارے کی کارکردگی کو مزید نکھارنے اور اسے ممکنہ مالی بے ضابطگیوں سے بچانے کیلئے آڈیٹرز کا کردار انتہائی اہم نوعیت کا حامل ہے ۔ کمپنی کے اکاؤنٹس کو دیکھنا اور اسے بین الاقوامی نوعیت کے آڈٹ سٹینڈرڈز کے مطابق استوار کرنا شعبہ آڈٹ کی ذمہ داری ہے وہ فیسکو ہیڈکوارٹرز میں آڈٹ کے حوالے سے منعقدہ جائزہ اجلاس سے خطاب کررہے تھے۔انھوں نے فیسکو کے اکاؤنٹس،آڈٹ اور فنانشل ریکارڈ کو لائق تحسین قرار دیا اور کہا کہ فیسکو لاسز کو کم کرنے اور ریکوری بڑھانے ،صارفین کے اطمینان کیلئے جو اقدامات کررہی ہے وہ قابل تقلید ہیں۔قبل ازیں چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ فیسکو نے ریکوری اور لاسز میں نیپرا کے متعین کردہ اہداف کو حاصل کرلیا ہے۔کمپنی میں کارپوریٹ کلچر کے فروغ کیلئے بھرپور اقدامات کئے جارہے ہیں جس میں جدید ٹیکنالوجی کے استعمال کو فوقیت دی گئی ہے۔صارفین کی شکایات کے ازالے اور انھیں کوالٹی سروس کی فراہمی کیلئے سٹیٹ آف دی آرٹ ریجنل کسٹمر سروسز اور موبائل ایپ "فیسکو لائیٹ" متعارف کرائی گئی ہے۔شعبہ ہیومن ریسورسز،آڈٹ اور لیگل کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کیا جارہا ہے۔صارفین کو بہترین سروسز کی فراہمی کیلئے تقسیمی سسٹم میں خاصی سرمایہ کاری کی گئی ہے گرڈ اور لائنوں کو اپ گریڈ کیا گیا ہے۔فیسکو شعبہ آڈٹ میں بھی جدید اور انٹرنیشنل سٹینڈرڈز پر عمل پیرا ہے۔اجلاس میں چیف آف آڈٹ نذیر احمد،جی ایم ٹیکنیکل عامر محبوب الٰہی،ڈی جی ایڈمن اطہر ایوب چوہدری،پی ڈی کنسٹرکشن ابرار احمد،پی ڈی (جی ایس سی) محمد راشد،ڈائریکٹر ایس اینڈ آئی فیسکو سید محمد سلیم شاہ،پی ڈی (جی ایس او) راؤ محمد علی،سٹاف آفیسر عابد رشید اور آپریشن سرکلز کے سپرنٹنڈنگ انجینئرز نے شرکت کی۔

# سمال انڈسٹری قومی معیشت کی ریڑھ کی ہڈی ہے

انجینئر محمد عامر
چیف ایگزیکٹو آفیسر فیسکو

## صنعتی صارفین کے بجلی کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے گا تاکہ معیشت کا پہیہ زیادہ تیزی سے چلے

## شہری علاقوں اور انڈسٹریل فیڈرز پر مرمتی کام تیزی سے جاری ہے تاکہ موسم گرما میں صنعتی صارفین کو بلاتعطل بجلی مہیا کی جا سکے

## چیف ایگزیکٹو فیسکو انجنیئر محمد عامر کا فیصل آباد چیمبر آف سمال ٹریڈرز اینڈ سمال انڈسٹری کے دورہ کے موقع پر صنعتکاروں سے خطاب

چیف ایگزیکٹو فیسکو انجنیئر محمد عامر نے کہا ہے کہ سمال انڈسٹری قومی معیشت کی ریڑھ کی ہڈی ہے اور یہ ملکی معیشت کی ترقی میں اہم کردار ادا کر رہی ہے صنعتی صارفین کے بجلی کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے گا تاکہ معیشت کا پہیہ زیادہ تیزی سے چلے اور ملک ترقی کی راہ پر گامزن ہو یہ باتیں انھوں نے فیصل آباد چیمبر آف سمال ٹریڈرز اینڈ سمال انڈسٹری کے دورہ کے موقع پر خطاب کرتے ہوئے کہیں۔ انھوں نے کہا کہ شہری علاقوں اور انڈسٹریل فیڈرز پر مرمتی کام تیزی سے جاری ہے تاکہ آئندہ موسم گرما میں لوگوں خصوصاً صنعتی صارفین کو بلاتعطل بجلی مہیا کی جا سکے اور انھیں کسی دقت کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ انہوں نے بتایا کہ فیسکو نے آن لائن ایپ "فیسکو لائیٹ" متعارف کرادی جس کی مدد سے صارفین اپنی بجلی سے متعلقہ شکایات گھر بیٹھے ہی درج کرانے کے علاوہ اپنے بل کی معلومات، بجلی بندش کا شیڈول اور دیگر معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ فیصل آباد چیمبر آف سمال انڈسٹری اینڈ سمال ٹریڈرز کے ممبران اپنی شکایات کیلئے فوری طور پر اُن سے براہ راست رابطہ کر سکتے ہیں جن کا ازالہ ترجیحی بنیادوں پر کیا جائے گا۔ اس موقع پر انھوں ممبران فیصل آباد چیمبر آف سمال انڈسٹری اینڈ سمال ٹریڈرز کے سوالات کے جوابات بھی دیئے اور ان کے مختلف مسائل کو فوری طور پر حل کرنے کیلئے احکامات دیئے۔ اس سے قبل فیصل آباد چیمبر آف سمال انڈسٹری اینڈ سمال ٹریڈرز کے صدر میاں ظفر اقبال نے کہا کہ فیسکو اور فیصل آباد چیمبر آف سمال انڈسٹری اینڈ سمال ٹریڈرز دونوں کا مقصد لوگوں کو زیادہ سے زیادہ سہولتیں مہیا کرنا ہے۔ جبکہ فیصل آباد چیمبر آف سمال انڈسٹری اینڈ سمال ٹریڈرز حکومت اور نجی شعبہ میں رابطوں کو بھی فروغ دے رہا ہے۔ انھوں نے صنعتوں کی وجہ سے اس شہر کو روزگار کے زیادہ سے زیادہ مواقع پیدا کرنے کا اعزاز بھی حاصل ہے۔ انہوں نے صنعتوں کیلئے بجلی کی مسلسل فراہمی پر چیف ایگزیکٹو فیسکو کے اقدامات کو سراہا اور کہا کہ مستقبل میں بھی صنعتی صارفین کے مسائل کے فوری طور پر حل کیا جائے گا۔ اس موقع پر بانی چیمبر چوہدری محمد شفیق، شیخ طاہر ایوب، شیخ محمد فیصل، ملک حفیظ الرحمٰن قادری اور دیگر ممبران بھی موجود تھے۔



چیف ایگزیکٹو فیسکو انجنیئر محمد عامر اور صدر چیمبر آف سمال ٹریڈرز اینڈ سمال انڈسٹری میاں ظفر اقبال چیمبر میں منعقدہ اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

انجینئر محمد عامر
چیف ایگزیکٹو آفیسر فیسکو

# فیسکو اپنے صارفین کو کوالٹی سروس کی فراہمی پر عمل پیرا ہے

## فیسکو میں بھرتیاں حکومتی پالیسی اور اجازت سے مشروط ہیں، عوام الناس نوسر باز عناصر سے خبردار رہیں

## مستقبل میں مزید صارف دوست پالیسیاں بنائی جارہی ہیں جن سے صارفین اور فیسکو سٹاف کے مابین رابطوں اور اعتماد کی فضا قائم ہوگی

## چیف ایگزیکٹو فیسکو انجنیئر محمد عامر کا فیسکو ہیڈکوارٹرز میں فیس بک پر منعقدہ ای کچہری میں صارفین سے خطاب، مسائل کے فوری ازالے کے احکامات جاری



چیف ایگزیکٹو فیسکو انجنیئر محمد عامر فیس بک پر منعقدہ ای کچہری کے موقع پر صارفین بجلی کی شکایات سن رہے ہیں

چیف ایگزیکٹو فیسکو انجنیئر محمد عامر نے کہا ہے کہ فیسکو ریجن میں نئے کنکشنز کی درخواستوں کیلئے ضروری میٹریل، میٹر اور تار جاری کر دیئے گئے ہیں جو جلد لگا دیئے جائیں گے۔ علاوہ ازیں بھمب اور نواحی علاقوں میں وولٹیج کی کمی کی شکایت کے ازالے کیلئے 500 کے وی فیصل آباد ویسٹ گرڈ سے دو نئی لائنیں بچھائی جا رہی ہیں جن کی تکمیل جون تک ہو جائے گی اور یہ مسئلہ مستقل بنیادوں پر حل ہو جائے گا۔ یہ باتیں انھوں نے فیسکو ہیڈکوارٹرز میں فیس بک پر منعقدہ ای کچہری کے موقع پر کہیں۔ کھلی کچہری میں عوام الناس کی طرف سے فیسکو میں نئی بھرتیوں کے حوالے سے پوچھے گئے سوالات کے جواب میں انھوں نے کہا کہ فیسکو بھرتیاں حکومتی پالیسی اور اجازت سے مشروط ہیں فی الحال پاور سیکٹر میں نئی بھرتیوں پر پابندی عائد ہے تاہم بعض نوسر باز عناصر سادہ لوح اور مجبور لوگوں کو جعلی اشتہار کے ذریعے بھرتیوں کا جھانسہ دیکر پیسے بٹور رہے ہیں جو بالکل غیر قانونی ہے۔ عوام الناس ان سے خبردار رہیں۔ انھوں نے کہا کہ صارفین کو ان کی دہلیز پر خدمات کی فراہمی کو یقینی بنانے کیلئے متعدد ترقیاتی منصوبوں پر کام جاری ہے۔ ان کی شکایات کے فوری اندراج اور ازالہ کیلئے ہیلپ لائن 118 اور ایس ایم سروس 8118 چوبیس گھنٹے کام کر رہی ہے۔ علاوہ ازیں موبائل ایپ "فیسکو لائٹ" کے ذریعے صارفین کو نئے کنکشن، لوڈ کی تبدیلی، نام کی تبدیلی سمیت دیگر سروسز تک رسائی بھی نہایت آسان بنا دی گئی ہے اور وہ ایک کلک پر یہ سہولیات گھر بیٹھے حاصل کر رہے ہیں۔ چیف ایگزیکٹو انجنیئر محمد عامر نے کہا کہ فیسکو اپنے صارفین کو کوالٹی سروس کی فراہمی پر عمل پیرا ہے اور مستقبل میں بھی مزید صارف دوست پالیسیاں بنائی جارہی ہیں جن سے صارفین اور فیسکو سٹاف کے مابین رابطوں اور اعتماد کی فضا قائم ہوگی۔ اس موقع پر انھوں نے صارفین سے اپیل کی کہ وہ اپنے گردونواح میں کہیں بھی بجلی چوری کی واردات دیکھیں تو اس کی فوری اطلاع دیں تاکہ ان کے خلاف فوری کارروائی کر کے اس مکروہ قومی جرم میں ملوث بجلی چوروں کا خاتمہ کیا جا سکے۔ فیس بک پر منعقدہ ای کچہری میں فیسکو ریجن کے آٹھ اضلاع فیصل آباد، جھنگ، چنیوٹ، سرگودھا، میانوالی، بھکر، ٹوبہ ٹیک سنگھ اور خوشاب کے صارفین نے چیف ایگزیکٹو فیسکو کو نئے کنکشنز کے جلد اجراء، ایل ٹی / ایچ ٹی پروپوزلز، ٹو فیز ٹرانسفارمر اور خراب میٹروں کی تبدیلی سمیت دیگر مسائل سے آگاہ کیا۔ صارفین کی طرف سے پیش کی گئی مختلف شکایات پر چیف ایگزیکٹو فیسکو نے متعلقہ افسران کو ان مسائل کے جلد حل اور اس کی مکمل رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت بھی کی۔ اس موقع پر چیف انجنیئر (سی ایس) انجینئر صدف ناز، ڈی جی (ایڈمن) اطہر ایوب چوہدری، ایڈیشنل ڈی جی (پی آر) طاہر شیخ، ڈائریکٹر سی ایس اقبال خان نیازی، ڈائریکٹر سی سی اینڈ بی عبدالحئی اور ڈپٹی ڈائریکٹر 118 علی عمران بھی موجود تھے۔

# جی سی یونیورسٹی کے شعبہ ابلاغیات کے طلباء کا فیسکو ہیڈ کوارٹرز کا مطالعاتی دورہ

## ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل (پی آر) فیسکو طاہر شیخ کی پاور سیکٹر، بجلی کی پیداوار اور تقسیم، لاسز اور بجلی چوری کے خلاف اقدامات سے متعلق بریفنگ

## فیسکو کے مطالعاتی دورے سے پاور سیکٹر اور بالخصوص فیسکو کے شعبہ تعلقات عامہ کی ورکنگ سے بہت آگاہی ملی طلباء



ایڈیشنل ڈی جی (پی آر) فیسکو طاہر شیخ فیسکو ہیڈکوارٹرز کا مطالعاتی دورہ کرنے والے جی سی یونیورسٹی کے شعبہ ابلاغیات کے طلباء سے خطاب کر رہے ہیں

ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل (پی آر) فیسکو طاہر شیخ نے کہا ہے کہ فیسکو اپنے ریجن کے آٹھ اضلاع کے 53لاکھ صارفین کی گھریلو، معاشی اور تجارتی سرگرمیوں کے فروغ میں اہم کردار ادا کر رہا ہے اور صارفین فیسکو کی اولین ترجیح ہیں۔صارفین کے تعاون اور ملازمین کی محنت کی وجہ سے فیسکو کا شمار پاکستان کی بہترین تقسیم کار کمپنیوں میں ہوتا ہے۔انھوں نے یہ باتیں جی سی یونیورسٹی کے شعبہ ابلاغیات کے فیسکو ہیڈکوارٹرز کا مطالعاتی دورہ کرنے والے طلباء کو کمپنی کے بارے میں بریفنگ دیتے ہوئے کہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ شعبہ تعلقات عامہ فیسکو کمپنی اور میڈیا کے درمیان پل کا کام کر رہا ہے اور کمپنی کی امیج بلڈنگ، صارفین تک معلومات اور ترقیاتی کاموں، بجلی کی بندش کی معلومات کی فراہمی کی اشاعت میں اپنا بھرپور کردار ادا کر رہا ہے۔انھوں نے طلبہ و طالبات کو پاور سیکٹر اور بالخصوص فیسکو کی ورکنگ کے حوالے سے آگاہ کیا۔اس موقع پر طالب علموں کی نمائندگی کرتے ہوئے طالبہ عائشہ اطہر نے کہا کہ ادارہ کا شعبہ تعلقات عامہ انتہائی موثر انداز میں اسکی امیج بلڈنگ کر رہا ہے اور طلبا وطالبات کو فیسکو کے دورے سے انھیں پاور سیکٹر اور بالخصوص فیسکو کے شعبہ تعلقات عامہ کی ورکنگ سے آگاہی ملی ہے۔طلباء طالبات نے ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل (پی آر) فیسکو طاہر شیخ سے پاور سیکٹر، بجلی کی پیداوار، اسکی تقسیم، لاسز اور بجلی چوری کے خلاف اقدامات سے متعلق سوالات کئے۔بعدازاں انہیں ڈسٹری بیوشن کنٹرول سنٹر، ریجنل کسٹمر سروسز سنٹر، 132کے وی اولڈ تھرمل گرڈ سٹیشن کا دورہ بھی کرایا گیا۔



جی سی یونیورسٹی کے شعبہ ابلاغیات کے طلباء کا فیسکو ڈسٹری بیوشن کنٹرول سنٹر کے دورہ کے موقع پر گروپ فوٹو

# فیسکو کی طرف سے ریجن بھر میں عیدالفطر کی تعطیلات کے دوران صارفین کو بجلی کی بلاتعطل فراہمی کو یقینی بنایا گیا

## چیف ایگزیکٹوفیسکو انجینئر محمد عامر کی زیرنگرانی خصوصی مانیٹرنگ ڈیسک سے صارفین کو بجلی کی مسلسل ترسیل کی مانیٹرنگ کی گئی

## صارفین کی سہولت کیلئے فیسکو کے چھ آپریشن سرکلز میں قائم کمپلینٹ سنٹرز نے عیدتعطیلات کے دوران صارفین کو بھرپور سروسز فراہم کیں

## خصوصی مانیٹرنگ ڈیسک میں عملہ 24 گھنٹے متحرک رہا، بارشوں کے باوجود عملہ نے فوری رسپانس کرتے ہوئے فالٹس درست کر کے فیڈرز کو چلایا

فیصل آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (فیسکو) کی طرف سے ریجن بھر میں عیدالفطر کی تعطیلات کے دوران صارفین کو بجلی کی بلاتعطل فراہمی کو یقینی بنایا گیا۔ چیف ایگزیکٹوفیسکو انجینئر محمد عامر کی ہدایات پر عیدالفطر کی تعطیلات میں صارفین کو بجلی کی مسلسل ترسیل کی مانیٹرنگ کیلئے فیسکو ہیڈکوارٹرز میں خصوصی مانیٹرنگ ڈیسک بنایا گیا تھا جبکہ صارفین کی شکایات کے فوری ازالہ کیلئے خصوصی ٹیمیں تشکیل دی گئی تھیں جس کی نگرانی چیف ایگزیکٹوفیسکو انجینئر محمد عامر نے خود کی۔فیسکو کے مختلف اعلیٰ افسران نے عیدالفطر کی تعطیلات کے دوران لوڈ مینجمنٹ، ایل ٹی/ایچ ٹی بریک ڈاؤن اور کسٹمر کمپلینٹ کے علاوہ کسی بھی ہنگامی صورتحال اور بجلی کے تعطل کی صورت میں فوری بحالی کے کام کو مانیٹر کیا اور فیسکو چیف کو تمام آپریشن سے مسلسل اپ ڈیٹ رکھا۔کسی بھی ایمرجنسی یا ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کیلئے آپریشن سٹاف کی ڈیوٹیاں لگائی گئی تھیں جبکہ آپریشن سٹاف کو ٹرانسفارمر ٹرالیاں اور اضافی آلات وسامان بھی مہیا کیا گیا تھا تا کہ خراب ٹرانسفارمر یا کسی بھی آلات کو فوری طور پر تبدیل کر کے بجلی کی روانی برقرار رکھی جا سکے۔فیسکو ہیڈکوارٹر میں قائم خصوصی مانیٹرنگ ڈیسک میں عملہ 24 گھنٹے متحرک رہا جبکہ عید کی تعطیلات کے دوران فیسکو ریجن میں بارشوں کے باوجود عملہ نے فوری رسپانس کرتے ہوئے فالٹس درست کر کے فیڈرز کو چلایا اور صارفین کو بہترین سروسز فراہم کی گئیں۔ چیف ایگزیکٹوفیسکو انجینئر محمد عامر کی خصوصی ہدایت پر فیسکو کے مرکزی مانیٹرنگ سیل کے علاوہ آفیشل فیس بک پیج پر بھی صارفین کی انفرادی شکایات کے نتیجے میں ان کا فوری ازالہ کیا گیا جبکہ صارفین کی سہولت کیلئے فیسکو کے چھ آپریشن سرکلز میں قائم کمپلینٹ سنٹرز نے بھی عید کی تعطیلات میں صارفین کو بھرپور سروسز فراہم کیں اور کسی بھی ایمرجنسی صورت حال میں فوری ریسپانس کرتے ہوئے خرابی کو دور کر کے بجلی کی سپلائی بحال کی۔ چیف ایگزیکٹوفیسکو انجینئر محمد عامر کی زیرنگرانی فیسکو نے عیدالفطر کے پرمسرت موقع پر صارفین کی خوشیوں کو دوبالا کرنے کیلئے شہری علاقوں کے علاوہ دوردراز کے دیہی علاقوں میں بھی بجلی کی بلاتعطل سپلائی جاری رکھی۔فیسکو کی خصوصی ٹیموں نے عید کے تیسرے روز بارش کی وجہ سے فیسکو ریجن میں 50 کے قریب ٹرپ ہونے والے فیڈرز کی فوری بحالی کا کام سرانجام دیا اور فیلڈ دفاتر صارفین بجلی کی انفرادی شکایات کا بھی فوری طور پر ازالہ کیا گیا۔



چیف انجنیر آپریشن فیسکو محمد سعید ڈسٹری بیوشن کنٹرول سنٹر میں بجلی کی بلاتعطل فراہمی کی مانیٹرنگ کر رہے ہیں، ڈی سی سی کا عملہ فرائض کی انجام دہی میں مصروف ہے

زبدۃ الضیاء
ڈائریکٹر HSE&QA فیسکو

# روڈ سیفٹی آگاہی و تربیتی ورکشاپ سے ملازمین کو محفوظ ڈرائیونگ میں مدد ملتی ہے

**حادثات کی ایک بڑی وجہ دوران سواری موبائل فون کا استعمال ہے جسکی وجہ سے روزانہ کئی سوار حادثات کا شکار ہو جاتے ہیں**

**ہیلمٹ حادثہ کی صورت میں سر کی چوٹ کی شدت کو ستر فیصد تک کم کر دیتا ہے — ریجنل منیجر اٹلس ہنڈا محمد حسنین**

**ریجنل ٹریننگ سنٹر فیسکو میں روڈ سیفٹی آگاہی و تربیتی ورکشاپ سے ڈائریکٹر HSE&QA فیسکو زبدۃ الضیاء اور دیگر کا خطاب**

فیصل آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (فیسکو) اور اٹلس ہنڈا کے اشتراک سے فیسکو سٹاف کیلئے سیف موٹر سائیکل رائیڈنگ، ہیلمٹ اور بیک ویو مررز کے استعمال اور پتنگ کی ڈور سے بچاؤ کو یقینی بنانے کے لئے فیسکو ریجنل ٹریننگ سنٹر (آر ٹی سی) میں روڈ سیفٹی آگاہی و تربیتی نشست کا اہتمام کیا گیا۔ جس کے مہمان خصوصی ڈائریکٹر (ہیلتھ سیفٹی انوائرمنٹ اینڈ کوالٹی ایشورنس) فیسکو زبدۃ الضیاء تھے۔ آگاہی کیمپ میں رائیڈنگ ٹرینر سیمولیٹر (Riding Trainer Simulator) کے ذریعے حاضرین کو ٹریننگ بھی دی گئی۔ اس موقع پر لیکچر دیتے ہوئے ریجنل منیجر اٹلس ہنڈا کمپنی محمد حسنین نے موٹر سائیکل ڈرائیونگ کے دوران پیش آنیوالے حادثات سے متعلق آگاہ کیا اور بتایا کہ ہیلمٹ حادثہ کی صورت میں سر کی چوٹ کی شدت کو ستر فیصد تک کم کر دیتا ہے جس سے انسانی جان کو مہلک حادثہ سے بچایا جا سکتا ہے۔ انھوں نے مزید کہا کہ حادثات کی ایک بڑی وجہ دوران سواری موبائل فون کا استعمال ہے جسکی وجہ سے روزانہ کئی سوار حادثات کا شکار ہو جاتے ہیں اور انھیں زندگی بھر کی معذوری کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ محمد حسنین نے کہا کہ اٹلس ہنڈا پاکستان بھر میں اپنے شہریوں کو بہترین سہولیات کے ساتھ محفوظ طریقہ سواری پر خصوصی توجہ مرکوز رکھتی اور اس ضمن میں وقتاً فوقتاً فیسکو کے اشتراک سے آگاہی کیمپ، آگاہی واک اور مختلف اداروں میں سیمینارز بھی منعقد کرتے رہتے ہیں، تاکہ روز بروز بڑھتی ہوئی ٹریفک کی وجہ سے پیدا ہونے والے ٹریفک کے مسائل پر بروقت قابو پایا جا سکے اور حادثات کی روک تھام ممکن ہو۔ اس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے مہمان خصوصی ڈائریکٹر ایچ ایس ای فیسکو زبدۃ الضیاء نے محفوظ رائڈنگ کیلئے اٹلس ہنڈا اور فیسکو کی باہمی کاوشوں کو سراہا اور کہا کہ حکومتی اداروں میں اس طرح کے تربیتی سیمینارز کے انعقاد سے ملازمین کو دوران ڈرائیونگ حفاظتی اقدامات سے آگاہی حاصل ہوتی ہے اور وہ محفوظ طریقے سے ڈرائیونگ کرتے ہیں۔ اس موقع پر ڈائریکٹر سیفٹی فیسکو محمد امجد، ایکسئین ایم اینڈ ٹی سعید رضا، اسسٹنٹ ٹیکنیکل آفیسر اٹلس ہنڈا محمد علی مختار، اسسٹنٹ ڈائریکٹر آر ٹی سی شاہد محمود اور عمر فاروق، سیفٹی انسپکٹر احمد عدیل ساجد، امجد علی، اسرار الحق، عثمان سلیم، محمد شفیق اور ملازمین کی کثیر تعداد بھی موجود تھی۔ بعد ازاں مہمان خصوصی کو ہنڈا کی پہلی الیکٹرک موٹر سائیکل BENLYe کے بارے بریفنگ دی گئی اور انھوں نے الیکٹرک بائیک کی رائیڈ بھی کی۔ کیمپ میں شرکت کرنے والے شرکاء کو فری سیمولیٹر اور روڈ ٹرائلز کا اہتمام بھی کیا گیا اور فری آگاہی پمفلٹس بھی تقسیم کیے گئے۔ سیمینار کے اختتام پر شرکاء میں سرٹیفکیٹس بھی تقسیم کئے گئے۔



ڈائریکٹر (ایچ ایس ای اینڈ کیو اے) فیسکو زبدۃ الضیاء، ایڈیشنل ڈائریکٹر سیفٹی فیسکو محمد امجد اور دیگر سیفٹی آگاہی سیمینار کے شرکاء میں سرٹیفکیٹس تقسیم کر رہے ہیں

## فیسکو انتظامیہ نے گریڈ 17 کی 29 خالی آسامیوں کیلئے بھرتی کا اشتہار جاری کر دیا

**جونیئر انجنیئر/ایس ڈی او (آپریشن) کی 20 آسامیاں، ریونیو آفیسر کی 03، اسسٹنٹ ڈائریکٹر ایچ آر/ایڈمن کی 03، اسسٹنٹ ڈائریکٹر لیگل/لیبر کی ایک، اسسٹنٹ ڈائریکٹر لٹگیشن کی ایک اور جونیئر انجنیئر/ایس ڈی او سول کی ایک خالی آسامی پر نوجوان اور متحرک گریجوایٹس کی بھرتی کا فیصلہ**

**درخواستیں نیشنل ٹیسٹنگ سروس (NTS) کی ویب سائیٹ پر آن لائن جمع کروائی جاسکتی ہیں**

فیصل آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (فیسکو) انتظامیہ نے گریڈ 17 کی 29 خالی آسامیوں کیلئے بھرتی کا اشتہار جاری کر دیا۔ ان میں جونیئر انجنیئر /ایس ڈی او (آپریشن) کی 20 آسامیاں، ریونیو آفیسر کی 03، اسسٹنٹ ڈائریکٹر ایچ آر/ایڈمن کی 03، اسسٹنٹ ڈائریکٹر لیگل/لیبر کی ایک، اسسٹنٹ ڈائریکٹر لٹگیشن کی ایک اور جونیئر انجنیئر /ایس ڈی او سول کی ایک خالی آسامی پر نوجوان اور متحرک گریجوایٹس کی بھرتی کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ جونیئر انجنیئر /ایس ڈی او آپریشن کی آسامی کیلئے مطلوبہ تعلیم ایچ ای سی سے منظور شدہ کسی بھی یونیورسٹی سے فرسٹ ڈویژن میں بی ایس سی، بی ای، بی ایس الیکٹریکل/الیکٹرونکس انجنیئر نگ بمعہ پاکستان انجنیئر نگ کونسل سے رجسٹریشن، ریونیو آفیسر کی آسامیوں کیلئے مطلوبہ تعلیمی قابلیت ایم اے سٹیٹ، ایم اے میتھ، ایم کام، ایم بی اے، ایم ایس سی کمپیوٹر سائنس، بی ایس سی انجنیئر نگ، ایم اے اکنامکس، اسسٹنٹ ڈائریکٹر ایچ آر/ایڈمن کیلئے مطلوبہ تعلیمی قابلیت ایم بی اے، ایم پی اے، ایم اے (ایچ آر ایم)، ایم کام، ایم ایس سی (کمپیوٹر سائنس)، ایم اے اکنامکس، انگلش، سٹیٹ، میتھ، اسسٹنٹ ڈائریکٹر لیگل/لیبر اور، اسسٹنٹ ڈائریکٹر لٹگیشن کیلئے لاء گریجویٹ، بی اے ایل ایل بی بمعہ پانچ سالہ پوسٹ کوالیفکیشن تجربہ جبکہ جونیئر انجنیئر /ایس ڈی او سول کیلئے مطلوبہ تعلیم ایچ ای سی سے منظور شدہ کسی بھی یونیورسٹی سے فرسٹ ڈویژن میں بی ایس سی، بی ای، بی ایس سول انجنیئر نگ بمعہ پاکستان انجنیئر نگ کونسل سے رجسٹریشن رکھی گئی ہے۔ تمام آسامیوں کیلئے عمر کی بالائی حد 33 سال رکھی گئی ہے۔ مذکورہ آسامیوں کیلئے درخواستیں نیشنل ٹیسٹنگ سروس (NTS) کی ویب سائیٹ www.nts.org.pk پر آن لائن جمع کروائی جاسکتی ہیں۔ درخواستیں جمع کرانے کی آخری تاریخ 30 اپریل 2024 ہے۔

## شوکاز نوٹس برائے کارروائی

فیصل آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (فیسکو) مجاہد آباد سب ڈویژن کے میٹر ریڈر محمد افضل ولد لعل دین آپ مورخہ 01-03-2024 سے مسلسل دانستہ طور پر تاحال اپنی ڈیوٹی سے غیر حاضر ہیں۔ آپ کو وضاحتی نوٹس نمبر 703 بتاریخ 04-03-2024 جاری کیا گیا لیکن آپ نے اس کا کوئی جواب نہ دیا۔ بعد ازاں آپ کو لیٹر نمبر 749 بتاریخ 13-03-2024 کے تحت ذاتی شنوائی کیلئے بلایا گیا لیکن آپ پھر بھی حاضر نہ ہوئے۔ بعد ازاں آپ کو شوکاز نوٹس نمبر 762 بتاریخ 18-03-2024 بھی جاری کیا گیا لیکن آپ نے اس کا بھی کوئی جواب نہ دیا۔ لہٰذا آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اس نوٹس کی اشاعت/وصولی کے سات یوم کے اندر اندر اظہار وجوہ کریں کہ اس بے ضابطگی اور بے اطواری کی بناء پر واپڈا ایفی شینسی اینڈ ڈسپلن رولز مجریہ 1978ء کی متعلقہ دفعات کے تحت آپ کے خلاف کارروائی عمل میں کیوں نہ لائی جائے آپ اپنے دفاعی جواب میں یہ بھی لکھیں کہ آپ ذاتی طور پر پیش ہو کر کچھ کہنا چاہتے ہیں۔ عدم تعمیل کی صورت میں یہ سمجھ لیا جائے گا کہ آپ جان بوجھ کر اپنی ڈیوٹی سے غیر حاضر ہیں اور آپ کے پاس اپنے دفاع میں کہنے کیلئے کچھ نہیں لہٰذا آپ کے خلاف ضابطے کی کارروائی یک طرفہ طور پر عمل میں لائی جائے گی۔

منجانب: سب ڈویژنل آفیسر (آپریشن) مجاہد آباد سب ڈویژن فیسکو فیصل آباد

# فیصل آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (فیسکو) میں خصوصی افراد کی بھرتیوں کا عمل شروع کر دیا گیا

## چیئرمین بورڈ آف ڈائریکٹرز فیسکو ملک تحسین اعوان کی ہدایت پر فیسکو نے معذور کوٹہ کے تحت 388 مختلف آسامیوں پر بھرتیوں کیلئے اشتہار جاری کر دیا

## آسامیوں کیلئے درخواستیں نیشنل ٹیسٹنگ سروس کے ذریعے لی جائیں گی اور بھرتی کا عمل میرٹ اور شفافیت پر مبنی ہو گا

### جو امیدوار پہلے معذور کوٹہ پر درخواستیں جمع کرا چکے ہیں انھیں نئے سرے سے درخواست دینے کی ضرورت نہیں ہے

فیصل آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (فیسکو) میں خصوصی افراد کی بھرتیوں کا عمل شروع کر دیا گیا ہے۔ چیئرمین بورڈ آف ڈائریکٹرز فیسکو ملک تحسین اعوان کی ہدایت پر فیسکو نے معذور کوٹہ کے تحت 388 مختلف آسامیوں پر بھرتیوں کیلئے اشتہار جاری کر دیا ہے۔ فیسکو میں خصوصی افراد کو روزگار کے مساوی مواقع فراہم کرنے کے لیے فیسکو کے دائرہ اختیار میں آنے والے آٹھ اضلاع فیصل آباد، چنیوٹ، سرگودھا، جھنگ، ٹوبہ ٹیک سنگھ، خوشاب، میانوالی اور بھکر شامل سے تعلق رکھنے والے معذور امیدواروں (فٹ ٹو ورک) سے فیسکو میں 388 مختلف آسامیوں پر اوپن میرٹ کے تحت بھرتی کیلئے درخواستیں طلب کی جا رہی ہیں۔ ملازمت کی مدت ابتدائی طور پر چھ ماہ کیلئے ہو گی جو کہ بعد ازاں اچھی کارکردگی پر قابل توسیع ہو گی۔ فیسکو کی طرف سے معذور افراد کیلئے مشتہر کردہ آسامیوں میں اسسٹنٹ پرسنل سیکرٹری، لائن سپرنٹنڈنٹ ون، سب سٹیشن آپریٹر، اسسٹنٹ ایڈمن/ہیڈ کلرک، ڈیٹا انٹری آپریٹر، ڈیٹا کوڈر، سینئر سٹور کیپر، اکاؤنٹس اسسٹنٹ، کمرشل اسسٹنٹ، آڈٹ اسسٹنٹ، سٹینو ٹو، لائن سپرنٹنڈنٹ ٹو، سب سٹیشن آپریٹر ٹو، ایم ایس ون، جونیئر سٹور کیپر، اے ایف ایم، یو ڈی سی، سٹاک کلرک، سب سٹیشن اٹینڈنٹ، ایل ڈی سی، میٹر ریڈر، ٹریسر، سکیورٹی سارجنٹ، ہیلپر ٹرانسفارمر ورکشاپ، اے ایس ایس اے، بل ڈسٹری بیوٹر، سکیورٹی گارڈ، اے ایل ایم، سٹور ہیلپر، لاری کلینر، دفتری، نائب قاصد، چوکیدار، سینٹری ورکر اور مالی شامل ہیں۔ مذکورہ آسامیوں کیلئے درخواستیں نیشنل ٹیسٹنگ سروس (NTS) کے ذریعے لی جائیں گی اور بھرتی کا عمل میرٹ اور شفافیت پر مبنی ہو گا۔ درخواستیں جمع کرانے کی آخری تاریخ 30 اپریل 2024 ہے۔ درخواست دہندگان براہ راست این ٹی ایس کی ویب سائیٹ www.nts.org.pk پر آن لائن درخواست جمع کرا سکتے ہیں۔ جو امیدوار پہلے معذور کوٹہ پر درخواستیں جمع کرا چکے ہیں انھیں نئے سرے سے درخواست دینے کی ضرورت نہیں۔

## شوکاز نوٹس برائے کارروائی

فیصل آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (فیسکو) مانانوالا سب ڈویژن کے میٹر ریڈر کاشف یٰسین ولد محمد اسلم آپ مورخہ 15-02-2024 سے مسلسل دانستہ طور پر تا حال اپنی ڈیوٹی سے غیر حاضر ہیں۔ آپ کو وضاحتی نوٹس نمبر 143-44/C بتاریخ 11-03-2024 جاری کیا گیا لیکن آپ نے اس کا کوئی جواب نہ دیا۔ بعد ازاں آپ کو مورخہ 20-03-2024 کو ذاتی شنوائی کیلئے بلایا گیا لیکن آپ پھر بھی حاضر نہ ہوئے۔ بعد ازاں آپ کو شوکاز نوٹس نمبر 183 بتاریخ 20-03-2024 بھی جاری کیا گیا لیکن آپ نے اس کا بھی کوئی جواب نہ دیا۔ اس کے بعد آپ کو دوبارہ لیٹر نمبر 189/C بتاریخ 22-03-2024 کے تحت ذاتی شنوائی کا موقع دیا گیا لیکن آپ پھر دفتر ہٰذا میں حاضر نہ ہوئے۔ لہٰذا آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اس نوٹس کی اشاعت/وصولی کے سات یوم کے اندر اندر اظہار وجوہ کریں کہ اس بے ضابطگی اور بے اطواری کی بناء پر واپڈا ایفی شینسی اینڈ ڈسپلن رولز مجریہ 1978ء کی متعلقہ دفعات کے تحت آپ کے خلاف کارروائی عمل میں کیوں نہ لائی جائے۔ آپ اپنے دفاعی جواب میں یہ بھی لکھیں کہ آپ ذاتی طور پر پیش ہو کر کچھ کہنا چاہتے ہیں۔ عدم تعمیل کی صورت میں یہ سمجھ لیا جائے گا کہ آپ جان بوجھ کر اپنی ڈیوٹی سے غیر حاضر ہیں اور آپ کے پاس اپنے دفاع میں کہنے کیلئے کچھ نہیں لہٰذا آپ کے خلاف ضابطے کی کارروائی یک طرفہ طور پر عمل میں لائی جائے گی۔

منجانب: ایگزیکٹو انجینئر (آپریشن) شیخوپورہ روڈ ڈویژن فیسکو فیصل آباد

# سفر عزم ویقین کا
# تحفظ ملازمین کا

فیصل آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی صارفین کو بجلی کی بلا تعطل بجلی کی فراہمی کیساتھ
فیلڈ سٹاف اور ورکرز کی حفاظت کیلئے ہر پل کوشاں!

## سیفٹی کٹس اور کام کے دوران کسی بھی ناخوشگوار واقعے یا حادثہ سے تحفظ کیلئے تربیت کی فراہمی

### لائن پر کام کے دوران لازمی حفاظتی آلات

- سیفٹی بیلٹ
- سیفٹی ہیلمٹ
- سیفٹی بوٹ
- سیفٹی دستانے



